سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ 'ڈکشنری کی دستاویز' میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# ہمسائیگی اور آپس کے بہتر تعلقات

## متعلقہ اہم سوالات

## VEÏNATGE I CONVIVÈNCIA

ہمسائیوں کا احترام

**RESPECTE PEL VEÏNAT**

مکانوں کے مالکان کی تنظیم

**LES COMUNITATS DE PROPIETARIS I PROPIETÀRIES**

بلڈنگوں اور مکانوں کی حفاظت

**MANTENIMENT DELS HABITATGES I EDIFICIS**

تجارت ترقی اور شہری حرکت کی بنیاد

**EL COMERÇ, FONT DE DINAMISME I PROGRÉS**

شہری قانون کا احترام اور گاڑیاں۔ڈرائیونگ لائسنس

**EL CIVISME I LA CONDUCCIÓ DE VEHICLES. EL PERMÍS DE CONDUIR**

## ہمسائیوں کا احترام

## RESPECTE PEL VEÏNAT

### سوال: ہم ہمسائیگی اور بقائے باہمی کے ضوابط کے بارے میں کہاں سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں؟

جواب۔ ہم مقامی بلدیہ کے دفتر میں جا کر عوامی استعمال کی جگہوں کے میونسپل قوانین کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ بہت سے شہریوں کی بلدیہ نئے آنے والے افراد کے لیے خصوصی معلوماتی کتابچہ شائع کرتی ہیں جس میں اس چیز کے متعلق بھی ایک حصہ موجود ہوتا ہے۔

وہ قانون جو ہمسائیوں کے تنظیمیں(comunitats de propietaris) اور مالکان کی تنظیم (comunitats de veïns) مل کر بناتی ہیں ان کے متعلق ہم اپنی بلڈنگ میں رہنے والے کسی ہمسائے سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں یا پھر بلڈنگ میں موجود صدر سے ان کی ایک کاپی مانگ سکتے ہیں۔

جس بلڈنگ میں ہم رہتے ہیں ہمیں چاہیے کہ وہاں موجود ہمسائیوں وہاں رہنے کی عادات کے متعلق پوچھیں اور ان سے صفائی اور بلڈنگ کی حفاظت کے متعلق معلومات حاصل کریں جس سوسائٹی میں آپ داخل ہوئے ہیں وہاں کے لوگوں کے بارے میں جاننے سے آپ کے تعلقات ٹھیک ہونگے اور دیگر شہریوں کی جانب سے آپ کا اچھا تعاون ملے گا

## سوال: دوسرے ہمسائیوں سے لڑائی جھگڑا اور غلط فہمیوں کا تدارک کس طرح کیا جا سکتا ہے۔؟

جواب۔ جب کوئی دو ہمسائے آپس میں جھگڑا کریں یا ان کے درمیان کوئی غلط فہمی پیدا ہو جائے تو دونوں کو چاہیے کہ ادب و احترام کا مظاہرہ کریں اور لچک دار رویہ اپنائیں۔ اکثر اوقات ہمسائیوں کے درمیان ہونے والی نازیبا گفتگو کی بنیادی وجہ معلومات اور رابطہ کی کمی ہوتی ہے، اس لیے بہتر ہے کہ جب آپ کے کسی کام سے کسی کو تکلیف کا اندیشہ ہو آپ کو چاہیے کہ ہمسائیوں کو اس کے بارے پیشگی آگاہ کریں، مثال کے طور پر اگر آپ کے گھر میں بہت زیادہ مہمان آتے ہیں یا آپ کے گھر کوئی خصوصی تقریب ہو رہی ہو۔ اس طرح کے کاموں کے لیے ٹائم کی مدت بنا کر معاہدہ کیا جا سکتا ہے جس کا احترام فریقین پر لازمی ہو۔

اور اب اگر آپ دیکھتے ہیں کہ کسی ہمسائے کا رویہ بہت غلط ہے، وہ اپنے اس عمل کو بار بار دوہرا رہا ہے اور وہ ہمسائیوں کی جانب سے کی جانے والی شکایات پر کوئی مثبت جواب نہیں دیتا اس صورت میں اس ہمسائے کی ان حرکات پر رپورٹ کرائی جا سکتی ہے اور اہم واقعات پر مقامی پولیس کو بھی بلایا جا سکتا ہے۔

## سوال: مشترکہ استعمال کی جگہوں کو ہم کس وقت اپنے ذاتی استعمال میں لا سکتے ہیں۔؟

جواب۔ ایسا صرف اس صورت میں کیا جا سکتا ہے جب ہمیں کوئی اہم ضرورت پیش آئے، مثال کے طور پر اگر گھر میں کوئی تعمیری کام ہو رہا ہے یا سامان کی آمد و رفت۔ اس صورت میں بہتر یہ ہوتا ہے کہ اپنے اوقات کار کے بارے دیگر ہمسائیوں کو آگاہ کیا جائے۔ اسی طرح جب ہم یہ کام کرتے ہیں تو ہمیں بہت احتیاط سے کام لینا چاہیے جیسے بلڈنگ میں موجود فرنیچر یا دیواروں کو کوئی نقصان نہ پہنچے (رنگ، دراڑیں وغیرہ)۔ اسی طرح ہمیں ہمسائیوں کے آرام کا خیال بھی رکھنا چاہیے۔

# مکانوں کے مالکان کی تنظیم

# LES COMUNITATS DE PROPIETARIS I PROPIETÀRIES

## سوال: Propietat horitzontal کیا چیز ہے؟

جواب۔ یہ اس ملکیت کا نام ہے جس کے تحت کسی کو ایک چیز پر قبضہ کا ذاتی حق دیا جاتا ہے (ہمارا مکان) اور کچھ چیزوں پر اجتماعی حق دیا جاتا ہے۔ اس قسم کی چیزیں جس قانون کے تحت ہوتی ہیں وہ ہم اس ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں

http://www.comunidades.com

## سوال: کیا مالکان مکان کے اجلاس میں سب ہمسائے شرکت کر سکتے ہیں؟

جواب۔ عام طور پر اس قسم کے اجلاس میں صرف مکان کے مالک ہی شرکت کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر کسی ہمسائے کی دلچسپی کا کوئی خصوصی مسئلہ ہے اور وہ اس کو اجلاس کے ایجنڈے میں شامل کروانا چاہتا ہے تو وہ اس بات کی اطلاع بلڈنگ میں موجود صدر کو دے سکتا ہے تا کہ وہ اس کو آئندہ بلائے جانے والے اجلاس میں شامل کر لے۔

وہ بلڈنگ جس میں رہنے والے سب مکان مالک نہیں ہیں وہ آپس میں مشاورت سے ہمسائیوں کی ایک تنظیم بنا سکتے ہیں تا کہ آپس کے معاملات کو طے کیا جا سکے جن میں صفائی اور

بلڈنگ کی حفاظت جیسے معاملات کے علاوہ مالکانِ مکان سے مذاکرات کرنے کے لیے بھی بات چیت کی جاسکتی ہیں۔

بلڈنگ کے بارے فیصلے کرنے اور حالات کو نزدیک سے جاننے کے لیے ہمسائیوں کی تنظیموں کے اجلاس میں شرکت کرنے بہت ضروری چیز ہے۔ ہمسائیوں کے اجلاس میں کیے جانے والے فیصلے اکثریت رائے کے مطابق کیے جاتے ہیں لیکن اس سے پہلے یہ کوشش بھی کی جاتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ ہمسائے ایک بات پر متفق ہو جائیں۔

وہ ہمسائے (یا مالک مکان) جن کے ذمہ بلڈنگ کے اخراجات باقی ہوں وہ اجلاس میں اپنا ووٹ کا حق نہیں استعمال کرسکتے۔

### سوال: ہمسائیوں کے درمیان صدر کا کیا کام ہے؟

جواب ۔ہمسائیوں کی طرف سے دیے جانے والے اخراجات وتعاون کو وصول کرنا اور ان کا بجٹ بنانا۔

- مکان مالکان کا اجلاس بلانا۔
- مشترکہ استعمال کی جگہوں کی حفاظت اور اس میں کسی تعمیری کام کے بارے میں خبر لینا۔
- اگر بلڈنگ میں کوئی بندہ ایسا کام کررہا ہے جس کی اجازت نہیں ہو تو اس کو اس کام سے روکنا۔
- قانونی طور پر بلڈنگ کی نمائندگی کرنا (مثلاً عدالتی معاملات میں)

بلڈنگ میں موجود معاملات کو طے کرنے کے لیے مکان مالکان کا اجلاس Junta de Propietaris بلایا جاتا ہے۔

### سوال: سپریم کونسل کے پاس کیا اختیارات ہوتے ہیں؟

جواب ۔عہدوں کی ترتیب دینا، صدر، سیکریٹری، خزانچی وغیرہ۔ان عہدوں کے بارے ہمسائیوں کی شکایات کا جائزہ لینا اور ان کا حل کرنا۔

- بلڈنگ میں ہونے والے اخراجات کو کنٹرول کرنے کے لیے بلڈنگ کا سالانہ بجٹ منظور کرنا اور گزشتہ مدت کا حساب بنانا۔
- بلڈنگ میں ہونے والے معاملات کو کنٹرول کرنا مثال کے طور پر نئی انسٹالیشن (لفٹ) یا بلڈنگ کی تعمیر نو (مرمت) وغیرہ کے بارے فیصلہ کرنا۔
- بلڈنگ کو مرمت کرنے کے لیے بجٹ کی منظوری دینا اور اس کام کی نگرانی کرنا۔
- بلڈنگ کے منتظم کی طرف سے ہنگامی طور کیے جانے والے فیصلہ جات کے بارے میں آگاہ رہنا۔
- بلڈنگ کے اندر کے نظام العمل اور ضابطوں میں ترامیم یا منظوری دینا۔
- بلڈنگ میں پیش آنے والے کسی بھی اور معاملے کے بارے کوئی فیصلہ کرنا۔

## بلڈنگوں اور مکانوں کی حفاظت

## MANTENIMENT DELS HABITATGES I EDIFICIS

### سوال: کسی بلڈنگ میں جتنے مکان ہوں اتنے ہی ڈش انٹینا لگوائے جاسکتے ہیں؟

جواب ۔ اس بارے اپنی بلدیہ سے معلومات حاصل کرنا چاہیے، وہاں ہمیں بتایا جائے گا کہ اس بارے کیا قانون ہے۔لیکن عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ پوری بلڈنگ کے لیے مشترکہ انٹینا لگایا جاتا ہے جس سے ایک ہی آلہ کے ذریعے سارے ہمسائیوں کو سروس مہیا کی جاسکتی ہے ل۔اس طرح کے مشترکہ نظام کو بلڈنگ میں لگوانے کے لیے ہمسائیوں کی تنظیم میں منظوری دی جاتی ہے۔

# تجارت ترقی اور شہری حرکت کی بنیاد

**EL COMERÇ, FONT DE DINAMISME I PROGRÉS**

## سوال: تجارتی مراکز کے اوقات کار کے بارے قوانین کے بارے میں کہاں سے معلومات حاصل کی جاتی ہے؟

جواب۔ سب سے پہلے اپنی مقامی بلدیہ کے پاس جانا چاہیے، وہاں کر کسی کو اس کے تجارتی مرکز کے بارے میں اوقات کار کی معلومات دی جاتی ہے۔ بہتر طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ایسی معلومات اپنے تجارتی مرکز کو کھولنے کی اجازت لیتے وقت ہی لی جائے۔

حکومتِ کتالونیہ کے محکمہ تجارت کی ویب سائٹ پر بھی ان قوانین کو دیکھا جاسکتا ہے۔

http://www.gencat.cat/diue/ambits/comerc

http://www.gencat.cat/diue/ambits/comerc/regulacio_comercial/horaris_comercials/index.html

اس ویب سائٹ پر آپ کو اوقات کار کے نظام کے متعلق ہر قسم کے سوالات کے جوابات مل سکتے ہیں۔

عام طور پر جو چھوٹ حاصل ہوتی ہے اس کو قانون میں اس طرح بیان کیا جاتا ہے۔

- وہ تجارتی مراکز جن میں کیک، ناشتے میں استعمال ہونے والی اشیاء، روٹی (پان)، تیاری شدہ کھانے، اخبارات، پھول اور پودے اور ایندھن (تیل، ڈیزل وغیرہ) بیچا جائے ان کے اوقات کار کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔
- اسی طرح ان تجارتی مراکز کے اوقات کار کی بھی کوئی لمٹ نہیں جو کسی سرحد پر واقع ہیں یا کسی ہوائی، زمینی یا سمندری سٹیشن پر واقع ہیں۔
- اسی طرح وہ تجارتی مراکز جو کسی ایسی جگہ پر واقع ہیں جہاں سیاحوں کی آمد و رفت بہت زیادہ ہوتی ہو مثال کے طور پر عجائب گھر میں، کسی تاریخی بلڈنگ میں، یا کسی ایسی جگہ جو ہر اوقات سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنتی ہے تو وہاں بھی اوقات کار کی بھی کوئی حد نہیں ہوتی۔

- اسی طرح اس تجارتی مرکز پر بھی ایسی کوئی پابندی نہیں ہوگی جو کسی بڑے ہوٹل کے اندر واقع ہو، مستقل ہو اور اس کا داخلہ براہ راست گلی سے نہ ہوتا ہے۔

- آٹو سروس کی وہ دکانیں جن کے مالکان چھوٹی یا درمیانی قسم کی فرمز کے مالکان ہیں اور ان کی از خود سروس کی دکانوں پر اشیائے خورد نوش کسی خاص قیمت پر موجود ہیں (یاد رہے کہ اس قسم کی دکان بنانے کے لیے اس کا 150 مربع میٹر سے تجاوز ممکن نہیں)۔ اس طرح کے تجارتی مراکز کے لیے لازمی ہے کہ وہ 24 دسمبر اور 31 دسمبر کی رات اپنے تجارتی مراکز رات 8 بجے بند کر دیں اور اسی طرح 1 جنوری (سال نو)، 1 مئی (یوم مزدوران)، 11 ستمبر (کتالونیا کا قومی دن اور 25 دسمبر (میلاد عیسیٰ) کو اپنی دکان بند رکھیں

- باہمی استعمال کے مراکز۔ یہ اصطلاح ان تجارتی مراکز کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو 500 مربع میٹر سے کم ہوں اور ان میں بکنے والی چیزوں مندرجہ ذیل چیزوں کی طرح ہوں: کتابیں، اخبارات یا رسالے؛ اشیائے خورد و نوش؛ سی ڈیز اور ویڈیوز؛ کھلونے یا تحفہ دینے کی چیزیں وغیرہ۔ ان دکانوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ دن میں کم از کم 18 گھنٹے کھلی رہیں۔ اس طرح کے تجارتی مراکز کے لیے بھی یہ لازمی ہے کہ وہ 24 دسمبر اور 31 دسمبر کی رات اپنے تجارتی مراکز رات 8 بجے بند کر دیں اور اسی طرح 1 جنوری (سال نو)، 1 مئی (یوم مزدوران)، 11 ستمبر (کتالونیا کا قومی دن اور 25 دسمبر (میلاد عیسیٰ) کو اپنی دکان بند رکھیں۔

## خصوصی استثنا

## Exempcions especials

ذیل میں دی جانی والی استثنا صرف اس صورت میں لاگو ہوگی جب یہ متعلقہ انتظامیہ کی جانب سے دی گئی ہو (اوقات کار کے قانون: **Llei 8/2004, de 23de desembre**) کے تحت۔

اس میونسپل علاقے میں واقع تجارتی مراکز جہاں سیاحوں کی آمد بہت زیادہ ہو لیکن اس کے لیے بھی لازمی ہے کہ وہ تجارتی مراکز 24 دسمبر اور 31 دسمبر کی رات اپنے تجارتی مراکز رات 8 بجے بند کردیں اوراسی طرح 1 جنوری (سالِ نو)، 1 مئی (یومِ مزدوران)، 11 ستمبر (کتالونیا کا قومی دن اور 25 دسمبر (میلادِ عیسیٰ) کو اپنی دکان بند رکھیں۔

خصوصی دنوں میں لگنے والی منڈیوں کے اندر موجود تجارتی مرکز (صرف منڈی کے اوقات کے دوران ہی اجازت ملے گی) 5000 سے کم آبادی کے شہر میں واقع 120 مربع میٹر سے کم رقبہ کا تجارتی مرکز۔

# شہری قانون کا احترام اور گاڑیاں۔ڈرائیونگ لائسنس۔

# EL CIVISME I LA CONDUCCIÓ DE VEHICLES. EL PERMÍS DE CONDUIR

### سوال: اس صورت میں کیا کرنا چاہیے جب انتظامیہ کسی کے ملک کے لائسنس کو نہ مانے۔

جواب۔ اگر سپین میں ہمارے ملک کے ڈرائیونگ لائسنس کو نہیں مانا جاتا تو وہ صرف سپین داخلے کے 6 ماہ بعد تک کارآمد رہے گا۔ اس مدت کے بعد ہمیں سپین کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا ہوگا۔

### سوال: قانون کے مطابق الکوحل (شراب) کی کیا حد مقرر ہے؟

جواب۔ الکوحل کی مقدار جاننے کے لیے دو پیمانے ہیں: جسم میں موجود خون کے ہر لیٹر کے بدلے کتنا الکوحل موجود ہے یا پھر جسم میں موجود ہوا (آکسیجن) کے بدلے کتنا الکوحل موجود ہے۔ان دونوں پیمانوں میں جو استعمال کیا جائے اس کے مطابق لمٹ ہوگی، خون کے ہر لیٹر کے بدلے 0.5 گرام الکوحل اور ہوا کے ہر لیٹر کے بدلے 0.25 گرام حد مقرر ہے

سڑکوں پر جو کنٹرول کیا جاتا ہے اس وقت جسم میں موجود ہوا کے حساب سے ماپا جاتا ہے اس طرح اس کی حد 0.25 گرام ہوتی ہے۔ وہ بندے جن کا لائسنس حاصل کیے ہوئے ابھی 2 سال مکمل نہیں ہوئے یا پروفیشنل ڈرائیور ہیں تو ان کے لیے یہ حد 0.15 گرام کی ہوگی۔

### سوال: منشیات کس طرح ڈرائیونگ کو نقصان دیتی ہیں؟

جواب۔ ہسپانوی ڈرائیوروں میں جو منشیات کے بارے اندازے لگائے گئے ہیں ان میں بہت شامل ہیں، جیسے **cocaïna,** افیم **opiacis i cànnabis**۔کوکین کا استعمال بندے کے اندر بے چینی کی کیفیت پیدا کردیتا ہے جس سے اس کو ڈرائیونگ کے دوران خطرات کا خیال نہیں رہتا۔ **opiacis** افیم کا استعمال بندے میں اونگھ اور سستی پیدا کردیتا ہے اور اسی طرح **cànnabis** کا استعمال بندے کا توازن کھو دیتا ہے۔

**سوال: کیا ٹیلیفون پر بات کرنے کے دوران ڈرائیونگ نقصان دہ ہے؟**

**جواب۔** جی ہاں، کیونکہ یہ ڈرائیونگ سے بندے کا دھیان ہٹانے والا کام ہے اور اس سے بندہ صرف ایک ہاتھ سے ڈرائیو کرتا ہے۔

**سوال: گاڑی میں موجود بیلٹ کا استعمال لازمی ہے؟**

**جواب۔** اس بیلٹ کا بنیادی مقصد گاڑی میں موجود افراد کی کسی جھٹکے کی صورت میں حفاظت کرنا ہے اس کے علاوہ اس بیلٹ کی وجہ سے بندہ گاڑی کے اندر موجود سخت حصوں سے ٹکرانے سے محفوظ رہتا ہے اور گاڑی سے باہر گرنے سے بھی۔

یہ ثابت شدہ بات ہے کہ اس بیلٹ کے استعمال سے کسی حادثہ کی صورت میں زخم کم ہوتے ہیں یا ان کی شدت میں کمی ہوتی ہے۔

**سوال: اگر کوئی قانون کی کبھی بھی خلاف ورزی نہ کرے تو کیا اس کو مزید پوائنٹس دیے جاتے ہیں؟**

**جواب۔** جی ہاں، اگر کوئی بندہ 3 سال تک کوئی جرم نہ کرے اس کو 2 مزید **punts** دیے جاتے ہیں جن سے شروع والے 12 میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اگر اسی طرح پھر 3 سال تک کوئی جرم نہ کیا جائے تو ایک اور پوائنٹ مل جاتا ہے اور اس طرح زیادہ سے زیادہ تعداد 15 تک پہنچ سکتی ہے۔